کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

روح اخبار

—— حکومت افغانستان نے یہ اعلان کیا ہے کہ کوئی ایسا شخص جس کے پاس سو روپیہ افغانی سے زائد مالیت کے افغانی نوٹ ہوں حدود افغانستان میں داخل نہیں ہو سکتا۔ نہ ہی کوئی شخص اتنی مالیت کے نوٹ لیکر حدود افغانستان سے باہر جا سکتا ہے خلاف ورزی کرنے والے کو گرفتار کیا جائیگا۔ (زمیندار)۔

—— یمن کی اطلاع ہے کہ حکومت حجاز، عراق، اور یمن نے ہر خارجی طاقت کا مقابلہ کرنے کیلئے اتحاد کی بنیاد ڈالی ہے اور بحر احمر کی حفاظت کیلئے اس بلاک نے اپنا متحدہ محاذ قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے (زمزم)۔

—— حکومت عراق کے نمائندہ نے یمن سے واپس آکر اپنے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ یمن میں فوجی تنظیم کا کام وسیع پیمانے پر ہو رہا ہے۔ اگر یمن پر کسی نے حملہ کیا تو امام یمن دس لاکھ فوج میدان میں لے آئیں گے۔ اور یمن کا ہر باشندہ اپنے ملک پر قربان ہو جائے گا۔ (زمزم)۔

—— حکومت ترکی اور ایران کے مابین ایک معاہدہ ہوا ہے جس کے رو سے ترکی نے ایران کو اسکندریہ کے نزدیک آزاد بندرگاہ تعمیر کرنے کی اجازت دیدی۔ (زمزم)۔

—— حال ہی میں کلکتے کی ٹکسال سے نئے سکے جاری ہوئے ہیں۔ ان میں سب سے آخر میں نکل کی دونی جاری ہونیوالی ہے دونی کے کونے حسب معمول گول ہیں۔ اور بادشاہ کی تصویر گول حلقے میں دی گئی ہے۔ سب سکوں کے حروف پہلے سے قدرے جلی کر دیے گئے ہیں۔ نیا روپیہ ایسی طرح کا بنایا گیا ہے کہ اس کی جعلی نقل نہیں ہو سکیگی۔ (زمزم)۔

—— ۱۸ جولائی، آج شام کو مسلم لیگ پارٹی کے تقریباً ایک درجن ممبر بمبئی میونسپل کارپوریشن کی میٹنگ سے واک آؤٹ کر گئے جبکہ پرائمری اسکولوں کی چند کتابوں پر بحث ہوئی جن کو جامعہ ملیہ دہلی نے تیار کیا ہے۔ مسلم ممبروں نے یہ رائے ظاہر کی کہ ان کے خیال میں یہ کتابیں مسلم تمدن کے مطابق نہیں ہیں۔ (تیج)

—— حکومت پنجاب نے آخری فصل ربیع کے لئے ساڑھے پانچ لاکھ روپے سے زیادہ معافی ان اضلاع کے زمینداروں کے لئے منظور کی ہے جہاں اجناس کی قیمتیں ان قیمتوں کی بہ نسبت زیادہ گھٹ گئی ہیں جو بندوبست کے وقت فرض کی گئی تھیں اور جن کی تلافی کسی اور سبب سے نہیں ہوئی۔ مختلف اضلاع کے لئے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں۔

شیخوپورہ	۵۰۴۳۹	روپے	منٹگمری	۱۶۷۱	روپے
گجرات	۲۰۳۳۹۴	روپے	جھنگ	۶۷۱۸۹	”
شاہ پور	۱۶۳۵۸۲	روپے	ملتان	۶۳۹۰۹	”
میانوالی	۲۱۴۲	”	مظفر گڑھ	۱۵۷۸۷	”

میزان ۵۶۸۱۱۳ روپے

یہ معافیاں ان معافیوں کے علاوہ ہیں جو کلکٹروں نے فصل کے نہ ہونے کے باعث معمولی قواعد کے ماتحت منظور کی ہیں۔